سوال

(198) نماز پنجگانہ کا حکم قرآن میں کہاں ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

نماز پنجگانہ کا حکم قرآن میں کہاں ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اَقِمِ الصَّلٰوةَ لِدُلُوْكِ الشَّمْسِ اِلٰى غَسَقِ الَّيْلِ وَقُرْاٰنَ الْفَجْرِ اس آیت سے پنجگانہ نمازوں کا ثبوت علماء دیا کرتے ہیں۔ اسکا ترجمہ ہے زوالِ سورج کے وقت نماز پڑھو رات کے اندھیرے تک یعنی عشا تک چار نمازیں ہوئی، قرآن الفجر سے مراد صبح کی نماز ہے۔ تفصیل حدیثوں میں آئی ہے۔ (فتاویٰ ثنائیہ ص ٦٣٢، ج ١)

[فتاویٰ علمائے حدیث]

جلد 04 ص 276

محدث فتویٰ